يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحًا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو توبہ کرو اللہ کے حضور خالص توبہ۔

# التَّحْرِيْم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

---

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ أَحَلَّ ٱللَّهُ لَكَ ۖ

اے نبی! تو کیوں حرام کرے جو حلال کیا اللہ نے تجھ پر؟

تَبْتَغِى مَرْضَاتَ أَزْوَٰجِكَ ۚ

چاہتا ہے رضا مندی اپنی عورتوں کی۔

وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝١

اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان۔

قَدْ فَرَضَ ٱللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَـٰنِكُمْ ۚ

ٹھہرا (مقرر کر) دیا اللہ نے تم کو کھول ڈالنا اپنی قسموں کا۔

وَٱللَّهُ مَوْلَىٰكُمْ ۖ

اور اللہ صاحب ہے تمہارا،

وَهُوَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ ۝٢

اور وہی سب جانتا حکمت والا۔

وَإِذۡ أَسَرَّ ٱلنَّبِيُّ إِلَىٰ بَعۡضِ أَزۡوَٰجِهِۦ حَدِيثٗا

اور جب چھپا کر کہی نبی نے اپنی کسی عورت سے ایک بات،

فَلَمَّا نَبَّأَتۡ بِهِۦ وَأَظۡهَرَهُ ٱللَّهُ عَلَيۡهِ

پھر جب اُس نے خبر کر دی اس کی، اور اللہ نے جتا (ظاہر کر) دیا نبی کو یہ،

عَرَّفَ بَعۡضَهُۥ وَأَعۡرَضَ عَنۢ بَعۡضٖۖ

(تو) جتائی (اطلاع دی) نبی نے اس میں سے کچھ اور ٹلا دی (درگذر کیا) کچھ۔

فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِۦ قَالَتۡ مَنۡ أَنۢبَأَكَ هَٰذَاۖ

پھر جب وہ جتلایا عورت کو، بولی تجھ کو کس نے بتایا یہ؟

قَالَ نَبَّأَنِيَ ٱلۡعَلِيمُ ٱلۡخَبِيرُ ۝٣

کہا مجھ کو بتایا اس خبر والے نے۔

إِن تَتُوبَآ إِلَى ٱللَّهِ فَقَدۡ صَغَتۡ قُلُوبُكُمَاۖ

اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو، تو جھک پڑے ہیں (ہٹ گئے تھے سیدھی راہ سے) دل تمہارے۔

وَإِن تَظَٰهَرَا عَلَيۡهِ فَإِنَّ ٱللَّهَ هُوَ مَوۡلَىٰهُ وَجِبۡرِيلُ وَصَٰلِحُ ٱلۡمُؤۡمِنِينَۖ

اور اگر تم دونوں چڑھائی (ایکا) کرو گی اس پر تو اللہ ہے اسکا رفیق اور جبرئیل اور نیک ایمان والے،

وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ بَعۡدَ ذَٰلِكَ ظَهِيرٌ ۝٤

اور فرشتے اس پیچھے مددگار۔

عَسَىٰ رَبُّهُۥٓ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبۡدِلَهُۥٓ أَزۡوَٰجًا خَيۡرٗا مِّنكُنَّ

ابھی اگر نبی چھوڑ دے تم سب کو، اس کا رب بدلے میں دے اس کو عورتیں تم سے بہتر۔

مُسۡلِمَٰتٍ مُّؤۡمِنَٰتٍ قَٰنِتَٰتٍ تَٰٓئِبَٰتٍ عَٰبِدَٰتٍ سَٰٓئِحَٰتٍ

حکم بردار (مسلمان)، یقین رکھتیاں (مومن) نماز میں کھڑی (اطاعت شعار)، توبہ کرتی، بندگی بجالاتیں (عبادت گزار)، روزہ دار،

ثَيِّبَٰتٍ وَأَبۡكَارًا ﴿٥﴾

(خواہ پہلے) بیاہیاں (ہوں) اور (یا) کنواریاں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

اے ایمان والو!

قُوٓاْ أَنفُسَكُمۡ وَأَهۡلِيكُمۡ نَارًا وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلۡحِجَارَةُ

بچاؤ اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے، جسکی چھپٹیاں (ایدھن) ہیں آدمی اور پتھر،

عَلَيۡهَا مَلَٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

اس پر مقرر ہیں فرشتے تندخو زبردست،

لَّا يَعۡصُونَ ٱللَّهَ مَآ أَمَرَهُمۡ وَيَفۡعَلُونَ مَا يُؤۡمَرُونَ ﴿٦﴾

بے حکمی نہیں کرتے اللہ کی جو بات انکو فرمائے، اور وہی کرتے ہیں جو حکم ہو۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَا تَعۡتَذِرُواْ ٱلۡيَوۡمَ ۖ

اے منکر ہونے والو! مت بہانے بتاؤ آج کے دن۔

إِنَّمَا تُجۡزَوۡنَ مَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ﴿٧﴾

وہی بدلہ پاؤ گے جو کرتے تھے۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ تُوبُوٓاْ إِلَى ٱللَّهِ تَوۡبَةً نَّصُوحًا

اے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی طرف، صاف دل کی توبہ۔

عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّـَٔاتِكُمْ

شاید تمہارا رب اُتارے تم سے تمہاری برائیاں،

وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّـٰتٍ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ

اور داخل کرے تمکو باغوں میں جنکے نیچے بہتی نہریں۔

يَوْمَ لَا يُخْزِى ٱللَّهُ ٱلنَّبِىَّ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مَعَهُۥ ۖ

جسدن اللہ ذلیل نہ کریگا نبی کو اور جو یقین لائے ہیں اسکے ساتھ۔

نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَـٰنِهِمْ

انکی روشنی (نور) دوڑتی ہے انکے آگے اور انکے داہنے،

يَقُولُونَ رَبَّنَآ أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَٱغْفِرْ لَنَآ ۖ

کہتے ہیں اے رب ہمارے! پوری کردے ہمکو ہماری روشنی اور معاف کر ہم کو۔

إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ٨

تو ہر چیز کرسکتا ہے۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ جَـٰهِدِ ٱلْكُفَّارَ وَٱلْمُنَـٰفِقِينَ وَٱغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ

اے نبی لڑائی کر منکروں سے اور دغابازوں سے اور سختی کر ان پر،

وَمَأْوَىٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ٩

اور انکا گھر دوزخ ہے۔ اور بُری جگہ پہنچے۔

ضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱمۡرَأَتَ نُوحٍ وَٱمۡرَأَتَ لُوطٍۖ

اللہ نے بتائی ایک کہاوت منکروں کے واسطے، عورت نوح کی اور عورت لوط کی۔

كَانَتَا تَحۡتَ عَبۡدَيۡنِ مِنۡ عِبَادِنَا صَٰلِحَيۡنِ

گھر میں تھیں دونوں دو نیک بندوں کے ہمارے بندوں میں سے،

فَخَانَتَاهُمَا فَلَمۡ يُغۡنِيَا عَنۡهُمَا مِنَ ٱللَّهِ شَيۡـًٔا

پھر (ان عورتوں نے) انسے چوری (خیانت) کی، پھر وہ کام نہ آئے انکو (بچانے میں) اللہ کے ہاتھ سے کچھ،

وَقِيلَ ٱدۡخُلَا ٱلنَّارَ مَعَ ٱلدَّٰخِلِينَ ﴿١٠﴾

اور حکم ہوا (ان عورتوں کو) کہ جاؤ دوزخ میں ساتھ جانے والوں کے۔

وَضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱمۡرَأَتَ فِرۡعَوۡنَ

اللہ نے بتائی ایک کہاوت ایمان والوں کو عورت فرعون کی،

إِذۡ قَالَتۡ رَبِّ ٱبۡنِ لِي عِندَكَ بَيۡتًا فِي ٱلۡجَنَّةِ

جب بولی اے رب! بنا میرے واسطے اپنے پاس ایک گھر بہشت میں

وَنَجِّنِي مِن فِرۡعَوۡنَ وَعَمَلِهِۦ

اور بچا نکال (نجات دے) مجھ کو فرعون سے، اور اس کے کام سے،

وَنَجِّنِي مِنَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿١١﴾

اور بچا نکال (نجات دے) مجھ کو ظالم لوگوں سے۔

وَمَرۡيَمَ ٱبۡنَتَ عِمۡرَٰنَ ٱلَّتِيٓ أَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا

اور (مثال) مریم بیٹی عمران کی، جس نے روکی اپنی شہوت کی جگہ،

فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا

پھر ہم نے پھونک دی اس میں ایک اپنی طرف کی جان (روح)،

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِۦ وَكَانَتْ مِنَ ٱلْقَٰنِتِينَ ﴿١٢﴾

اور سچ جانی (اس نے) اپنے رب کی باتیں اور اس کی کتابیں اور تھی بندگی کرنے والوں میں۔

---

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**